آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
نظامت خوراک
ڈی-151 سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

☆☆☆☆

ٹینڈرز نوٹس:۔

محکمہ خوراک آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کو مالی سال 27-2026 کے لئے بذیل سٹیشن ہا پر غلہ (گندم/آٹا) کی ڈھلائی کیلئے محکمہ خوراک کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران (جنہوں نے مالی سال 27-2026ء کیلئے پری کوالیفائی/رجسٹریشن تجدید کروائی ہے) سے مطبوعہ فارمز پر انراخ مطلوب ہیں۔

نمبرشمار	ازمقام	تامقامات
1	پونچھ فلور ملز ارجہ	پلنگی (بوقت ضرورت)، گگڈار (بوقت ضرورت)، خورشید آباد (بوقت ضرورت)، سولی (بوقت ضرورت)، شجاع آباد (بوقت ضرورت)
2	بیس گودام اسلام آباد	پونچھ فلور ملز ارجہ براستہ مری (بوقت ضرورت)

متذکرہ بالا مقامات کیلئے تخمینہ زربیعانہ 200-0 ملین روپے ہے، جس کی اسٹیشن وائز زربیعانہ کی تفصیل نگران شعبہ حصول وترسیل نظامت خوراک سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جا سکتی ہے' زربیعانہ کے ساتھ ٹینڈرز سربمہر لفافہ میں مورخہ 21 اکتوبر 2026ء بوقت 11:00 بجے دن تک نظامت خوراک ڈی 151 سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کو موصول ہونے چاہئیں۔ جو اسی روز ٹینڈرز دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں 11:30 بجے دن کھولے جائیں گے۔ جملہ زونز و مقامات کیلئے کل فاصلہ کی بنیاد پر فی کلوگرام کے حساب سے نرخ دینا ہونگے۔ کامیاب ٹینڈرز دہندگان کو ٹھیکہ کی مالیت کے دس فیصد بطور کارگزاری ضمانت (Performance Guarantee) تحت مروجہ ہدایات جمع کروانی ہوگی۔

شرائط:

1۔ مفصل دستاویزات/ٹینڈرز کوائف نظامت خوراک سے حاصل کئے جا سکتے ہیں جن پر کلیتاً عمل کرنا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

2۔ ٹھیکیدار کی جانب سے ٹینڈرز "ایک مرحلہ ایک لفافہ" کی بنیاد پر ہونگے۔

3۔ محکمہ اپنی ضرورت کے مطابق اجناس کی ترسیل کیلئے شیڈول جاری کریگا، جس کے مطابق مطلوبہ مقدار کی ڈھلائی کامیاب ٹینڈرز دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔

4۔ متذکرہ بالا ٹھیکہ جات کی معیاد 30 جون 2027ء تک ہوگی۔ تاہم ان ٹھیکہ جات میں توسیع نئے ٹھیکہ جات کے حتمی ہونے تک کی جا سکتی ہے۔ جس کیلئے متعلقہ ٹھیکیدار کو علیحدہ سے توسیع نامہ جاری کیا جائیگا۔

5۔ کامیاب ٹھیکیداران کو متعلقہ ترسیلی مقام پر وزن کر کے بعد از اطمینان اجناس وصول کرنا اور منزل مقصود پر وزن کر کے ہی پورے سٹاکس مہیا کرنا ہونگے، اس میں ہر قسم کی کمی کی ذمہ داری ٹھیکیدار متعلقہ کی ہوگی۔ جس کیلئے اس کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کمی کو اس نے بہر صورت محکمہ کے فیصلہ کے مطابق پورا کرنا ہوگا۔

6۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان کو گراس وزن (خالی بوری کا وزن شامل کرتے ہوئے) اسکے مطابق ڈھلائی چارجز کی ادائیگی جملہ نافذ شدہ/مروجہ ٹیکسز کی وضعگی کے بعد عمل میں لائی جائے گی۔

7۔ کامیاب ٹینڈرز دہندہ فوری طور ٹھیکہ کی مالیت کی دس فیصد (10%) رقم بطور کارگزاری زرضمانت جمع کروانے کے بعد ورک آرڈر حاصل کریگا۔ کارگزاری زرضمانت کی واگزاری/واپسی ٹھیکہ کی تکمیل پر متعلقہ ٹھیکیدار کی طرف سے عدم اعتراض سرٹیفکیٹس کی فراہمی پر ہوگی۔

8۔ دوران مالی سال حکومتی فیصلہ کے مطابق ڈیزل/پٹرول کی قیمتوں میں ہونے والے اضافہ/کمی کا حکومتی پالیسی کے مطابق منظور شدہ ڈھلائی انراخ میں اضافہ/کمی کی جائیگی۔

۔ جاری ہے۔

-9 کامیاب بولی دہندہ ٹینڈرز شرائط کے مطابق اگر ورک آرڈر حاصل نہیں کریگا تو اسکی جمع شدہ زرِ ضمانت ضبط کر لی جائیگی جو نا قابل واپسی ہوگی۔

-10 افسر مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا رولز (PPRA RULES) کے مطابق کسی ایک یا تمام ٹینڈرز کو بغیر وجہ بتائے مسترد کر دے۔

-11 ہائی ویز اتھارٹیز و دیگر حکومتی اداروں کی جانب سے ہائی ویز/موٹر ویز پر جملہ ٹرانسپورٹیشن کیلئے وقتاً فوقتاً نافذ کردہ قوانین (Wheel & Axel Load etc.) کی مکمل پاسداری کامیاب ٹینڈر دہندگان کی ذمہ داری ہوگی۔

نوٹ: یہ اشتہار اخبارات کے علاوہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) کی ویب سائیٹ www.ajkppra.gov.pk اور محکمہ خوراک کی ویب سائیٹ www.food.ajk.gov.pk پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

جملہ ٹھیکیداران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جن ٹھیکیداران کے انراخ ٹینڈر میں نہیں آئینگے ان کی کال ڈیپازٹ ٹینڈرنگ پراسس مکمل ہونے کے 3 یوم بعد واپس کی جائے گی۔ بالا شرائط پر عدم تعمیل کی صورت میں معاہدہ/ٹینڈرز شرائط کے مطابق کارروائی ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

ناظم خوراک

فون نمبر 051-9330725